اشتہار برائے بھرتی خالی آسامیاں محکمہ پولیس

سنٹرل پولیس آفس کے متعلقہ یونٹس میں درج ذیل آسامیاں خالی ہیں۔ سنٹرل پولیس آفس اور یونٹس کی آسامیوں کے لیے متعلقہ اضلاع کے سکونتی امیدواروں سے تین سالہ کنٹرکٹ کی بنیاد پر درخواستیں مطلوب ہیں۔

نمبر شمار	بنیادی سکیل	نام آسامی معہ	عمر کی حد	کم از کم قابلیت اور تجربہ	آسامیوں کی تعداد	نام یونٹس جہاں بھرتیاں کی جائیں گی
1	سکیل نمبر1	کک/لانگری	18تا30سال	اپنے کام میں مہارت اور مطلوبہ تجربہ رکھتا ہو۔	80	**یونٹس:** سنٹرل پولیس آفس، پنجاب، لاہور، سپیشل پروٹیکشن یونٹ، ہیڈ کوارٹر پنجاب، لاہور، سپیشل برانچ ہیڈ کوارٹر پنجاب، لاہور، ٹریننگ ڈائریکٹوریٹ ہیڈ کوارٹر پنجاب، لاہور، ٹریفک ہیڈ کوارٹر پنجاب، لاہور، پنجاب کانسٹیبلری فاروق آباد اور CTD ہیڈ کوارٹر پنجاب، لاہور۔
2	سکیل نمبر1	سینٹری ورکر	18تا45سال	اپنے کام میں مہارت اور مطلوبہ تجربہ رکھتا ہو۔	113	**یونٹس:** سنٹرل پولیس آفس، پنجاب، لاہور، سپیشل پروٹیکشن یونٹ، ہیڈ کوارٹر پنجاب، لاہور، سپیشل برانچ ہیڈ کوارٹر پنجاب، لاہور، ٹریننگ ڈائریکٹوریٹ ہیڈ کوارٹر پنجاب، لاہور، ٹریفک ہیڈ کوارٹر پنجاب، لاہور، پنجاب کانسٹیبلری فاروق آباد اور CTD ہیڈ کوارٹر پنجاب، لاہور۔
3	سکیل نمبر1	مالی	18تا45سال	اپنے کام میں مہارت رکھتا ہو. اور اس کے پاس نرسری کا 03 سال کا تجربہ ہو	17	**یونٹس:** ٹریننگ ڈائریکٹوریٹ ہیڈ کوارٹر پنجاب، لاہور، ٹریفک ہیڈ کوارٹر پنجاب، لاہور، پنجاب، کانسٹیبلری فاروق آباد۔
4	سکیل نمبر1	باربر (حجام)	18تا30سال	اپنے کام میں مہارت اور مطلوبہ تجربہ رکھتا ہو۔	38	**یونٹس:** ٹریننگ ڈائریکٹوریٹ ہیڈ کوارٹر پنجاب، لاہور، پنجاب کانسٹیبلری فاروق آباد۔
5	سکیل نمبر1	چوکیدار	18تا30سال	اپنے کام میں مہارت اور مطلوبہ تجربہ رکھتا ہو۔	03	**یونٹس: یونٹس:** سنٹرل پولیس آفس، پنجاب، لاہور پنجاب کانسٹیبلری فاروق آباد۔
6	سکیل نمبر1	ماشکی	18تا45سال	اپنے کام میں مہارت اور مطلوبہ تجربہ رکھتا ہو۔	01	**یونٹس:** ٹریفک ہیڈ کوارٹر پنجاب، لاہور
7	سکیل نمبر2	دھوبی	18تا30سال	اپنے کام میں مہارت اور مطلوبہ تجربہ رکھتا ہو۔	27	**یونٹس:** پنجاب کانسٹیبلری، فاروق آباد، ٹریننگ ڈائریکٹوریٹ ہیڈ کوارٹر پنجاب، لاہور
8	سکیل نمبر2	پلمبر	18تا30سال	اپنے کام میں مہارت اور مطلوبہ تجربہ رکھتا ہو۔	05	**یونٹس:** سنٹرل پولیس آفس، پنجاب، لاہور، ٹریننگ ڈائریکٹوریٹ ہیڈ کوارٹر پنجاب، لاہور، پنجاب کانسٹیبلری فاروق آباد۔
9	سکیل نمبر3	کارپینٹر	18تا30سال	اپنے کام میں مہارت اور مطلوبہ تجربہ رکھتا ہو۔	04	**یونٹس:** ٹریننگ ڈائریکٹوریٹ ہیڈ کوارٹر پنجاب، لاہور، پنجاب کانسٹیبلری فاروق آباد۔
10	سکیل نمبر1	نائب قاصد	18تا25سال	پرائمری سکول سرٹیفکیٹ یا اس کے مساوی تعلیم۔	14	**یونٹس:** ٹریننگ ڈائریکٹوریٹ ہیڈ کوارٹر پنجاب، لاہور، سنٹرل پولیس آفس، پنجاب، لاہور، لاہور، ٹریفک ہیڈ کوارٹر پنجاب، لاہور، پنجاب کانسٹیبلری فاروق آباد، سپیشل پروٹیکشن یونٹ، ہیڈ کوارٹر پنجاب، لاہور
11	سکیل نمبر3	پینٹر	18تا30سال	اپنے کام میں مہارت اور مطلوبہ تجربہ رکھتا ہو۔	01	**یونٹس:** ٹریننگ ڈائریکٹوریٹ ہیڈ کوارٹر پنجاب، لاہور۔
12	سکیل نمبر5	الیکٹریشن	18تا30سال	اپنے کام میں مہارت اور مطلوبہ تجربہ رکھتا ہو۔	04	**یونٹس:** ٹریننگ ڈائریکٹوریٹ ہیڈ کوارٹر پنجاب، لاہور۔
13	سکیل نمبر3	ٹیلر	18تا30سال	اپنے کام میں مہارت اور مطلوبہ تجربہ رکھتا ہو۔	05	**یونٹس:** ٹریننگ ڈائریکٹوریٹ ہیڈ کوارٹر پنجاب، لاہور، پنجاب کانسٹیبلری فاروق آباد
14	سکیل نمبر5	میسن	18تا30سال	اپنے کام میں مہارت اور مطلوبہ تجربہ رکھتا ہو۔	05	**یونٹس:** ٹریننگ ڈائریکٹوریٹ ہیڈ کوارٹر پنجاب، لاہور، پنجاب کانسٹیبلری فاروق آباد

(HAMZA AMANULLAH) PSP
AIG/Admn. & Security CPO,
for Inspector General of Police/PPO,
Punjab, Lahore.

مختص کوٹہ:-

- حکومتِ پنجاب اور سٹینڈنگ آرڈر نمبر 2017/5 مجاریہ آئی جی آفس کے مختص کوٹہ (3٪ disabled, 5٪ Minority, 15٪ Women) جات کو مدِ نظر رکھا جائیگا۔

شرائط:-

1. درخواست فارم پنجاب پولیس کے ویب سائٹ www.PunjabPolice.gov.pk سے Download کیے جاسکتے ہیں۔
2. امیدواران پنجاب پولیس کے جس یونٹ میں آسامی کے لیے اپلائی کرنا چاہتے ہیں وہ اپنی درخواست بمعہ مصدقہ نقول (تعلیمی اسناد، سرٹیفکیٹ، تجربہ، ڈومیسائل شناختی کارڈ اور دو عدد تازہ ترین پاسپورٹ سائز تصویریں) اور مبلغ 200 روپے (فارم فیس) سنٹرل پولیس آفس، پنجاب کی آسامیوں کے لیے قلعہ گجر سنگھ، لاہور اور باقی تمام یونٹس کی درخواستیں پنجاب کے تمام اضلاع کی ڈسٹرکٹ پولیس لائنز پر اشتہار شائع ہونے سے لے کر 22.01.2025 تک جمع کروائے جاسکتے ہیں۔ مقررہ تاریخ کے بعد موصول ہونے والی، نامکمل اور غلط معلومات / کوائف پر مبنی درخواستیں مسترد کر دی جائیں گی۔
3. تمام امیدواران مختلف آسامیوں پر درخواست دینے کے اہل ہیں تاہم ایک ہی آسامی پر دو یا دو سے زائد یونٹس میں درخواست جمع کروانے کے اہل نہ ہونگے۔

4. کاغذات کی جانچ پڑتال سکروٹنی کمیٹی کرے گی جو کہ چیئرمین ریکروٹمنٹ بورڈ کی طرف سے تشکیل دی جائے گی۔ کاغذات کی جانچ پڑتال کے بعد ٹیسٹ وانٹرویو کے اہل افراد کی لسٹ پنجاب پولیس کی ویب سائٹ پر آویزاں کی جائے گی جس میں ٹیسٹ / انٹرویو کی جگہ سے آگاہ کیا جائے گا نیز مذکورہ لسٹ انچارج یونٹ ھذا اور ڈسٹرکٹ پولیس لائنز کے دفاتر کے باہر بھی آویزاں کر دی جائے گی۔ اس ضمن میں کوئی علیحدہ اطلاع بذریعہ ای میل، ڈاک، اخباری اشتہار یا میسج کی صورت میں نہ دی جائے گی۔ امیدواران کو ہدایت کی جاتی ہے کہ وہ پنجاب پولیس کی ویب سائٹ باقاعدگی سے وزٹ کرتے رہیں۔

عمومی ہدایت:۔

1. صرف درج شدہ اہلیت پر پورا اترنے والے امیدواران کو ٹیسٹ / انٹرویو کے لیے بلایا جائے گا۔
2. سرکاری و نیم سرکاری اداروں کے ملازمین اپنی درخواستیں متعلقہ محکموں کے توسط سے ارسال کریں۔ ٹیسٹ انٹرویو کے لیے کوئی سفری خرچ (ٹی اے-ڈی اے) نہ دیا جائے گا۔
3. بھرتی سے پہلے حکومت کی طرف سے دیئے گئے قوانین وضوابط لاگو ہوں گے۔
4. اصل اسناد اور دیگر دستاویزات ٹیسٹ / انٹرویو کے وقت دیکھیں جائینگی۔
5. تمام امیدوارن کو بیان حلفی جمع کروانا ہو گا کہ وہ کسی قسم کی ایف آئی آر (FIR) یا مقدمہ میں نامزد / ملوث / مطلوب نہ ہیں۔ غلط بیان حلفی جمع کروانے کی صورت میں امیدوار کو پولیس میں بھرتی کے لیے تاحیات نااہل قرار دے دیا جائے گا۔ اگر کسی بھی مرحلہ پر امیدوار کی تعلیمی اسناد، ڈومیسائل، قومی شناختی کارڈ اور میڈیکل سرٹیفکیٹ کی پڑتال کے دوران یہ کاغذات جعلی یا غیر تصدیق شدہ پائے گئے تو امیدوار کی بھرتی منسوخ کر دی جائے گی اور قانونی کاروائی عمل میں لائی جائے گی۔
6. کامیاب امیدواران کو پنجاب کے کسی حصہ میں تعینات کیا جا سکتا ہے۔
7. مجاز اتھارٹی کا فیصلہ حتمی ہو گا۔ جو کسی بھی عدالت یا فورم پر چیلنج نہ کیا جائے سکے گا۔ محکمہ کو اختیار ہو گا کہ وہ اس اشتہار کو جزوی یا کلی طور پر تبدیل یا منسوخ کرے۔

(HAMZA AMANULLAH) PSP
AIG/Admn. & Security CPO,
for Inspector General of Police/PPO,
Punjab, Lahore.